# 69912 ـ حصص کی زکاۃ کا تفصیلی بیان

**سوال**

گزارش ہے کمپنیوں کے حصص میں زکاۃ کے متعلق تفصیلات فراہم کریں کہ آیا اس میں زکاۃ ہے یا نہیں، اور اس کی مقدار کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

السھم: شیئر حصص والی کمپنی کے راس المال میں حصہ کو کہا جاتا ہے جیسا کہ معروف ہے کہ اس حصہ دار کا ثابت شدہ حق ہے.

دیکھیں: الاسھم والسندات ( 47 ) موسوعۃ المصطلحات الاقتصادیۃ والاحصائیۃ ( 775 ).

حصہ کمپنی کے منافع سے پیدا ہوتا ہے جو کمپنی کی کامیابی اور اس کے منافع میں کمی یا زیادتی کے تابع ہوتے ہوئے کم یا زیادہ ہوتا رہتا ہے، اور خسارہ اور نقصان میں سے بھی اپنا حصہ برداشت کرتا ہے، کیونکہ حصہ کی ملکیت کمپنی کے ایک حصہ کی ملکیت ہے، جو اس حصہ کی مقدار کے مطابق ہوتی ہے.

حصہ یا سھم کی قیمت:

حصص کی کئی ایک قیمتیں ہیں جو ذیل میں بیان کی جاتی ہیں:

1 ـ اسمی قیمت: یہ وہ قیمت ہے جو کمپنی کی تاسیس کے وقت حصہ کی مقرر کی جاتی ہے، اور یہ حصص کی سند میں بیان کی گئی ہے.

2 ـ کاغذی قیمت: یہ وہ قیمت ہے جو کمپنی کے التزامات کو نکال کر، اور اس کی اصل کو صادر شدہ حصص میں تقسیم کر کے بنتی ہے.

3 ـ حصہ کی حقیقی قیمت:

یہ وہ مالی قیمت ہے کہ اگر کمپنی کو ختم کیا جائے اور اسے موجودہ حصص میں تقسیم کرنے پر قیمت بنے.

4 ـ ماركيٹی قيمت:

يہ وہ قيمت ہے جس ميں ماركيٹ كے اندر وہ حصص فروخت ہوتے ہيں اور يہ مانگ اور پيشكش كے اعتبار سے بدلتی رہتی ہے.

اور يہ حصص لوگوں كے مابين لين دين اور تعامل كے قابل ہيں، جس طرح باقی سامان ہے، جسے بعض لوگ خريد وفروخت كا سامان بناتے ہيں، تا كہ اس سے منافع حاصل كر سكيں.

سوال نمبر ( 4714 ) كے جواب ميں يہ بيان ہو چكا ہے كہ جب كمپنی كوئی حرام اشياء كا كام نہ كرتی ہو تو اس كے حصص كی خريدو فروخت كرنے ميں كوئی حرج نہيں ہے.

كمپنی كے حصص كی زكاۃ كس طرح ادا كی جائے؟

بعض حصہ دار تو حصص كا كاروبار منافع كی غرض سے كرتے ہيں، اور بعض لوگ حصص كو آمدن كے ليے حاصل كرتے ہيں نہ كہ اس كا كاروبار كرنے كے ليے.

پہلی قسم كے افراد كے ہاں تو يہ حصص تجارتی مال شمار ہونگے، اور ايكسچينج ميں لين دين، تو اس طرح اس كا حكم تجارتی سامان كا ہو گا، تو اس كی زكاۃ ہر سال كے آخر ميں اس كی قيمت كے اعتبار سے حاصل كی جائے گی.

اور دوسری قسم ميں عصر حاضر كے محققين اور ريسرچ كرنے والے علماء كرام كا اختلاف ہے، اور اس ميں ان كے ہاں تو بينادی چيزيں ہيں:

اول: اسے كمپنی كی نشاط اور كام كے قطع نظر تجارتی سامان شمار كيا جائے.

ان كا كہنا ہے كہ اس كا مالك بالكل اسی طرح منافع حاصل كرتا ہے جس طرح كوئی تاجر اپنے سامان سے منافع حاصل كرتا ہے، تو اس اعتبار سے يہ تجارتی سامان ہوا.

اور يہ قول اصل ميں اس پر مبنی ہے كہ اب صنعتی آلات اور سامان ميں زكاۃ ہے، كيونكہ ـ ان كے ہاں ـ اسے اموال نامی يعنی بڑھنے والا سامان شمار كيا جاتا ہے.

اور اس قول كو محمد ابو زہرہ، عبد الرحمن بن الحسن، اور عبد الوہاب خلاف وغيرہ نے اختيار كيا ہے.

دوسری وجہ:

ان حصص كو صادر كردہ كمپنی كی قسم كو ديكھتے ہوئے ان حصص كے حكم ميں فرق كرنا.

یہ جمہور معاصر علماء کا قول ہے، اگرچہ وہ بعض تفصیلات کے اندر آپس میں اختلاف کرتے ہیں.

ان حصص کمپنیوں کو چار قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

اول:

صرف صنعتی کمپنیاں جو تجارتی اعمال نہیں کرتیں، جیسا کہ رنگوں، ہوٹلنگ، اور مواصلات کی کمپنیاں ہیں، تو ان کے حصص میں زکاۃ نہیں ہے کیونکہ ان کے حصص کی قیمت آلات اور مشینوں اور عمارتوں اور سامان میں ہوتی ہے، جو ان کے استعمال کی لازمی اشیاء ہیں، اور ان اشیاء میں کوئی زکاۃ نہیں، بلکہ ان حصص کے منافع میں زکاۃ ہو گی لیکن وہ اس وقت جب نصاب کو پہنچے اور سال پورا ہو جائے.

دوم:

خالصتا تجارتی کمپنیاں.

سوم:

تجارتی و صنعتی کمپنیاں.

وہ خالص تجارتی کمپنیاں جو بغیر کسی تحویل کے سامان کی خریدو فروخت کرتی ہیں، مثلا امپورٹ ایکسپورٹ کمپنیاں، اور خارجی تجارت کی کمپنیاں.

اور صعنعی و تجارتی کمپنیاں جو کہ صنعت اور تجارت دونوں کا کام کرتی ہیں، مثلا وہ کمپنیاں جو خام مال نکالتی ہیں، یا وہ خام مال خرید کر اس میں کچھ تبدیلی کر کے اسے فروخت کرتی ہیں، مثلا پٹرول کمپنیاں، اور بننے اور کاتنے والی کمپنیاں، اور سٹیل و لوہے کی کمپنیاں، اور کیمائی مواد کی کمپنیاں وغیرہ.

یہ دونوں قسم کی کمپنیاں ( خالص تجارتی، اور تجارتی و صنعتی کمپنیاں) ان کے حصص میں سے عمارتوں اور آلات و مشینری کی قیمت نکال کر اس کمپنی حصص میں زکاۃ واجب ہو گی.

اور عمارتوں، آلات اور مشینری وغیرہ کی قیمت سالانہ بجٹ کی طرف رجوع کیا جا سکتا ہے.

چہارم:

زراعتی کمپنیاں، یعنی جن کمپنیوں کا زراعتی کام ہو.

تو اس میں کھیتی اور پھل کی زکاۃ ہو گی ۔ اگر تو وہ اس میں سے ہو جس میں زکاۃ واجب ہوتی ہے ۔ تو ہر حصہ دار کے حصہ کو دیکھا جائے گا کہ اس کے مقابلے میں کھیتی اور پھل کتنے آتے ہیں، تو حصہ کے مالك پر زکاۃ واجب ہو گی، اگر تو وہ قیمتا سیراب نہیں کرتا ہے تو اس میں عشر ہو گی، اور اگر قیمتا سیراب کرتا ہے تو اس میں نصف عشر ہو گی، لیکن شرط یہ ہے حصہ دار کا حصہ نصاب کو پہنچے جو کہ تین سو ( 300 ) صاع ہے.

یہ اس وجہ پر مبنی ہے کہ فیکٹریاں اور عمارتیں مثلا ہوٹل اور گاڑیاں وغیرہ میں زکاۃ نہیں بلکہ ان کے منافع میں زکاۃ ہے جبکہ وہ نصاب تك پہنچے اور اس پر سال گزر جائے، جس کا بیان سوال نمبر ( 74987 ) کے جواب میں گزر چکا ہے.

اور یہ دوسرا قول زیادہ صحیح ہے، کیونکہ حصہ کمپنی کا ایك جزء ہے تو زکاۃ میں اس کا حکم بھی کمپنی جیسا ہی ہو گا، چاہے وہ کمپنی صعنتی ہو یا تجارتی یا زراعتی.

اس قول کو شیخ عبد الرحمن عیسی نے اپنی کتاب " المعاملات الحدیثۃ و احکامھا " اور شیخ عبد اللہ البسام اور ڈاکٹر وھبۃ الزحیلی نے مجلۃ المجمع الفقھی ( 4 / 742 ) میں اختیار کیا ہے.

اور بسام نے ذکر کیا ہے کہ تجارتی اور صنعتی کمپنیوں کے مابین فرق کرنا جمہور علماء کا قول ہے.

دیکھیں: مجلۃ المجمع الفقھی ( 4 / 725 ).

تنبیہ:

اس پر متنبہ رہنا چاہیے کہ صنعتی یا زراعتی کمپنیوں کے خزانے نقدی اموال سے خالی نہیں ہوتے، اور ان اموال میں زکاۃ واجب ہونے میں کوئی اشکال نہیں، لہذا اس نقدی کا اندازہ لگایا جائے گا کہ ایك حصہ کتنے کے برابر ہے، اور حصہ دار کے مالك کے ذمہ اس کی زکاۃ نکالنا ہو گی، اگر وہ اکیلا حصہ نصاب کو پہنچے یا حصہ کے مالك کے پاس موجود نقدی کو ملا کر نصاب تك پہنچے تو وہ اس کی زکاۃ ادا کرے گا.

ڈاکٹر علی السالسوس کا یہی کہنا ہے، دیکھیں: مجلۃ المجمع الفقھی ( 4 / 849 ).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی نے بھی یہی تنبیہ کرتے ہوئے کہا ہے:

اگر انسان نے یہ حصص تجارتی غرض کے لیے خریدے ہوں، - یعنی اس نے یہ حصص آج خریدے اور کل جب بھی اسے منافع ملا اسے فروخت کر دے - تو اسے ان حصص میں ہر برس زکاۃ ادا کرنا ہو گی، اور اس کے منافع میں سے بھی جو حاصل ہو گا اس کی بھی زکاۃ ادا کرے گا.

اور اگر یہ حصص ڈویلپمنٹ وغیرہ کے لیے ہوں، اور وہ اسے فروخت کرنے کا ارادہ نہ رکھے، تو دیکھا جائےگا کہ؛ جو نقدی ہو ـ سونا یا چاندی یا نقد کرنسی ـ تو اس میں زکاۃ واجب ہو گی، کیونکہ کرنسی اور سونا و چاندی میں بعنیہ زکاۃ واجب ہے، لہذا وہ ہر حال میں اس کی زکاۃ ادا کرے گا.

تو اس وقت اس ادارے کے ذمہ داران سے دریافت کیا جائے گا کہ ان کے خزانے میں کیا کچھ مال ہے.

اگر تو اشیاء اور منافع ہو؛ نہ کہ سونا اور چاندی، اور نہ ہی کرنسی تو اس میں زکاۃ نہیں بلکہ زکاۃ اس میں ہو گی جو اس سے حاصل ہو اور اس کی ملکیت میں اس پر سال پورا ہو جائے. انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن عثیمین ( 18 / 199 ).

مستقل فتوی کمیٹی سے مندرجہ ذیل سوال کیا گیا:

ہم نے کمپنیوں کے حصص کی خریداری میں رقم کی سرمایہ کاری کی ہے، یہ علم میں رہے کہ بعض کمپنیاں منافع تقسیم کرنے سے قبل شرعی زکاۃ کاٹ لیں گی، اور بعض نہیں تو کیا زکاۃ اصل مال پر ہو گی یا ان کمپنیوں کے منافع پر ؟

یہ علم میں رکھیں کہ حصہ داری کی دو قسمیں ہیں:

ا ـ ایك قسم تو صرف منافع حاصل کرنے کے لیے ہے، نہ کہ حصص کی فروخت کے لیے.

ب ـ دوسری قسم تجارتی سامان کی طرح حصص کی فروخت کے لیے ہے؟

کمیٹی کا جواب تھا:

اس کے ذمہ فروخت والے حصص اور ان کے منافع پر ہر سال زکاۃ نکالنی واجب ہے، اور اگر کمپنی حصہ داروں کی طرف سے زکاۃ نکالتی ہے تو یہ کافی ہے.

لیکن وہ حصص جو صرف سرمایہ کاری کے لیے ہیں، ان کے منافع میں زکاۃ واجب ہو گی جب اس پر ایك سال پورا ہو جائے تو زکاۃ ادا کرے، لیکن اگر نقدی ہو تو پھر زکاۃ اصل اور منافع دونوں پر ہو گی. انتہی

دیکھیں: فتاوی اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء ( 9 / 341 ).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے مندرجہ ذیل سوال کیا گیا:

بعض تجارتی ادارے جائداد وغیرہ میں حصہ داری کا معاملہ کرتے ہیں، اور ادارے کے پاس ایک لمبی مدت تک رقم رہتی ہے، جو کئی سالوں تک محیط ہوتی ہے، تو اس حصہ داری کے اموال کی زکاۃ کیسے ادا کی جائے؟

اور کیا ادارے کا مالک اس سارے مال کی وقت کے مطابق زکاۃ ادا کر سکتا ہے، اور پھر وہ اس زکاۃ کو حصہ داروں کے اصل مال یا منافع تقسیم کرنے سے قبل نکال لے ؟

شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا:

تجارتی حصہ داریوں میں ہر سال زکاۃ واجب ہوتی ہے؛ کیونکہ یہ تجارتی سامان ہے، لہذا اس ہر سال زکاۃ کے وقت ان کی قیمت کا اندازہ لگا کر اس کے دس کا چوتھا حصہ نکالے گا، چاہے وہ خریداری کی قیمت کے برابر ہو یا اس سے کم یا زیادہ.

اور رہا ادارے کے مالک کا زکاۃ نکالنا، اگر تو یہ حصہ داروں کی جانب سے بطور وکیل ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، اور سابقہ تناسب کے مطابق ہی زکاۃ نکالی جائے گی، اور اگر وہ اسے زکاۃ نکالنے میں وکیل نہیں بناتے تو وہ زکاۃ نہ نکالے، لیکن اسے زکاۃ واجب ہونے کے وقت ہر حصہ دار کو اس کی قیمت بتانا ہو گی تا کہ وہ اس کی زکاۃ اپنے حصہ کے مطابق نکال سکیں، یا پھر وہ اسے زکاۃ نکالنے میں وکیل بنادیں، اور اگر ان میں سے بعض اسے وکیل بنائیں اور بعض نہ بنائیں تو جنہوں نے وکیل بنایا ہے ان کی زکاۃ نکال دے اور باقی حصہ داروں کی زکاۃ نہ نکالے.

اور یہ معلوم ہے کہ جب اس نے زکاۃ نکالی تو اسے اصل مال سے منہا یعنی کم کیا جائے گا، یا پھر منافع میں سے کاٹ لیا جائے گا. انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن عثیمین ( 18 / 217 ).

اس قول کا خلاصہ:

وہ حصص جس کے مالک نے ان حصص سے تجارت اور منافع کا ارادہ کیا ہو، اور تجارتی کمپنیوں کے حصص میں حصہ کی اصل رقم اور منافع دونوں میں زکاۃ واجب ہے.

اور صنعتی کمپنیوں کا منافع جب زکاۃ کے نصاب کو پہنچے اور اس پر پورا سال گزر جائے تو اس پر زکاۃ واجب ہو گی، اور اس کے حصص میں زکاۃ نہیں مگر اس حصہ کے مقابلہ میں جو کمپنی کے خزانہ میں اس کی قیمت ہے اس پر زکاۃ ہو گی.

اور زراعتی کمپنیوں میں حصہ کے مقابلہ میں جو کھیتی یا پھل ہیں اگر وہ ان زکاۃ والی اصناف میں شامل ہیں تو ایک شرط کے ساتھ ان میں زکاۃ واجب ہو گی کہ اگر وہ حصہ نصاب کو پہنچے، اور وہ نصاب تین سو صاع ہے اور

کمپنی میں خزانے میں جو حصہ کے مقابلے میں نقدی ہے اس پر بھی زکاۃ لاگو ہو گی.

کیا زکاۃ کمپنی کے ذمہ ہو گی یا حصہ داروں پر ؟

بعض محققین کا کہنا ہے کہ زکاۃ کمپنی کے ذمہ ہے، ان کی دلیل یہ ہے کہ حصہ دار کمپنی کو ایک مستقل اور شخصی اعتبار حاصل ہے، اور وہ مال میں تصرف کرنے کا حق رکھتی ہے، اور زکاۃ مال کے متعلقہ ہے، اس لیے زکاۃ کے لیے بلوغت اور عقل کی شرط نہیں رکھی گئی.

اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ کمپنی کو اگر چہ شخصی اعتبار حاصل ہے تو یہ شخصیتی اس پر زکاۃ کے وجوب کے لیے صالح نہیں، جبکہ زکاۃ کے وجوب کے اسلام اور آزادی... الخ کی شرط ہے، اور یہ اوصاف کمپنی میں نہیں ہیں.

پھر یہ بھی ہے کہ کمپنی کی ملکیت میں جو مال ہے وہ اس کا اپنا نہیں بلکہ اس کی ملکیت تو حصہ داروں کی نیابت میں ہے، اصلا ملکیت تو حصہ داروں کی ہے نہ کہ کمپنی کی.

اور انہوں نے چوپایوں میں شراکت سے قیاس کرتے ہوئے بھی دلیل پکڑی ہے، کیونکہ سارے مال میں زکاۃ واجب ہوتی ہے کہ جیسا وہ سارا ہے، نہ کہ ہر شریک کے مال پر علیحدہ علیحدہ.

اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ: چوپایوں کے جمع میں زکاۃ کے وجوب کا معنی یہ نہیں کہ مال کمپنی پر اس شخصی اعتبار سے مال واجب ہے، بلکہ اس کا معنی تو یہ ہے کہ شراکت داروں کا مال اور زکاۃ کا حساب ایک دوسرے کے ساتھ جمع کیا جائے جیسا کہ ایک ہی شخص کا مال ہے.

اور جمہور علماء کرام اور محققین کا کہنا ہے کہ زکاۃ حصہ دار پر - اور صحیح بھی یہی ہے - کیونکہ مال کا حقیقی مالک تو حصہ دار ہے، اور کمپنی تو صرف اس کی نیابت کرتے ہوئے کمپنی کی شروط کے مطابق اس کے حصوں میں تصرف کر رہی ہے.

اور اس لیے بھی کہ زکاۃ ایک عبادت ہے جس کی ادائیگی کے وقت نیت کی ضرورت ہے، اور اس کی ادائیگی میں اجروثواب حاصل ہوتا ہے، اور زکاۃ ادا نہ کرنے والے کو سزا دی جاتی ہے، اور حصہ دار کمپنی میں اس چیز کا تصور بھی نہیں.

حصص کی زکاۃ کون نکالے گا: کمپنی یا حصہ دار؟

اصل تو یہ ہے کہ حصہ کی زکاۃ نکالنے والا حصہ دار خود ہے، کیونکہ وہ اس کا مالک اور وہی زکاۃ نکالنے کا مکلف بھی ہے، لیکن اگر اس کی نیابت کرتے ہوئے کمپنی اس کی جانب سے زکاۃ نکال دے تو اس میں کوئی حرج

نہیں فقہی اکیڈمی نے بیان کیا ہے کہ چار حالت میں حصہ دار کمپنی کا زکاۃ نکالنے میں کوئی مانع نہیں:

" جب کمپنی نے اپنے اساسی نظام میں یہ بیان کیا ہو، یا پھر عمومی کمیٹی کی جانب سے اس کا فیصلہ کیا جائے، یا حکومت کا قانون کمپنیوں کو زکاۃ نکالنے کا پابند کرتا ہو، یا پھر حصہ داروں کی جانب سے کمپنی کو اتھارٹی لیٹر ملے کہ وہ اس کے حصہ میں سے زکاۃ ادا کر دے "

دیکھیں: مجلة المجمع الفقهى ( 4 / 1 / 881 ).

حصوں کی زکاۃ کی مقدار:

کمپنیوں کے حصص کی زکاۃ دس کا چوتھا یعنی اڑھائی فیصد ( 2.5 % ) ہے چاہے اس کے مالك کا مقصد تجارتی ہو یا سالانہ منافع حاصل کرنا، کیونکہ اگر وہ تجارتی مقاصد سے ہوں تو یہ تجارتی سامان ہے، اور تجارتی سامان کی زکاۃ ربع العشر دس کا چوتھا حصہ ہے، اور اگر اس نے سالانہ منافع حاصل کرنے کے لیے حاصل کیے ہیں تو یہ کرایہ والی عمارت کے مشابہ ہے، اور جائداد کے کرایہ میں بھی زکاۃ اڑھائی فیصد ہے.

حصوں کے سال کا حساب کب شروع ہو گا ؟

تجارتی کمپنیوں کے حصوں یا ان حصوں میں جن کے مالك حصص کی تجارت کرتے ہیں تو سال میں ان کا منافع بھی اصل مال کے تابع ہے، کیونکہ تجارت کے منافع میں کوئی نیا سال شمار نہیں کیا جائیگا، بلکہ اس کا سال بھی وہی ہے جو اصل مال کا ہے، اگر اصل مال نصاب کو پہنچتا ہو.

دیکھیں: المغنى لابن قدامة ( 4 / 75 ).

ایك بات کی تنبیہ ضروری ہے کہ جب تجارتی سامان سونے یا چاندی یا نقدی کے ساتھ خریدا جاتا ہے تو اس کی خریداری سے نیا سال شروع نہیں کیا جائے گا، بلکہ اگر وہ نصاب کے مطابق ہے تو اس کی بنا انہیں پیسوں اور نقدی پر ہو گی جس سے سامان خریدا گیا ہے.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

آپ کو علم ہونا چاہیے کہ تجارتی سامان کا سال اس کی خریداری کے بعد نہیں آتا، بلکہ اس کا سال اصل مال والا ہی ہے، کیونکہ وہ تو راس المال سے دراہم کی طرح ہے جسے آپ نے سامان میں تبدیل کر دیا ہے، تو اس کا سال پہلے مال کا ہی ہو گا" انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوى ابن عثيمين ( 18 / 234 ).

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 32715 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

اور صنعتی کمپنیاں اور وہ جو اپنے حصص سرمایہ کاری اور سالانہ منافع پر رکھتی ہیں، نہ کہ تجارتی غرض سے تو ان حصص کے منافع پر زکاۃ ہو گی اگر ہر حصہ نصاب کو پہنچتا ہو، یا جس کے پاس نقد رقم ہے وہ اس حصہ کے ساتھ ملا کر نصاب کو پہنچ جائے تو اس کی زکاۃ ادا کرنا ہو گی، اور اس کے سال کا حساب اس منافع کو لینے کے وقت سے شروع ہو گا، جیسا کہ فقہ اکیڈمی اور شیخ عبد اللہ البسام کا فیصلہ ہے.

دیکھیں: مجلة المجمع الفقهی ( 4 / 1 / 722 ).

یہاں ایك تنبیہ کرنا ضروری ہے کہ زراعتی کمپنیوں کے حصوں جن میں کھیتی اور پھلوں کی زکاۃ واجب ہوتی ہے علماء کرام کے اتفاق کے مطابق اس میں زکاۃ واجب ہونے کے لیے سال پورا ہونے کی شرط نہیں، کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

اور اس کا حق کاٹنے کے دن ادا کرو **الانعام** ( 141 ).

دیکھیں: الموسوعة الفقهية ( 23 / 281 ).

تو ہر محصول کی زکاۃ علیحدہ شمار کی جائے گی.

زکاۃ نکالنے کے لیے حصہ کی قیمت کس طرح لگائی جائے گی ؟

جن حصوں میں زکاۃ واجب ہے ( جن میں مالك تجارت کرتا، یا تجارتی کمپنی کے حصص ہوں ) اس کی زکاۃ سال کے آخر میں مارکیٹ قیمت کے مطابق لگا کر زکاۃ نکالی جائے گی.

کیونکہ یہ حصص تجارتی سامان ہیں، اور تجارتی سامان کی سال کے آخر میں قیمت لگا کر پھر اس قیمت پر زکاۃ نکالی جاتی ہے، لیکن حصے کی اصل قیمت کو نہیں دیکھا جاتا.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر ( 32715 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

اور وہ حصص جن میں زکاۃ نہیں ہے ( وہ صنعتی کمپنیوں کے حصص ہیں ) سال کے آخر میں ان حصص کی قیمت لگانے کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ اس کی زکاۃ اس کے منافع پر ہے نہ کہ حصص پر.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے مندرجہ ذیل سوال کیا گیا:

کیا حصص کی زکاۃ اس کی رسمی قیمت پر ہو گی یا مارکیٹ کی قیمت کے مطابق یا کیا کرنا ہو گا؟

تو شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا:

حصص اور اس کے علاوہ دوسرے تجارتی سامان پر مارکیٹ کی قیمت کے مطابق زکاۃ ہو گی، لہذا جب خریداری قیمت ایك ہزار ہو اور زکاۃ کے وجوب کے وقت اس کی قیمت دو ہزار ہو تو اس کا اندازہ دو ہزار لگایا جائےگا کیونکہ چیز کی قیمت تو زکاۃ کے وجوب کے وقت معتبر ہو گی نہ کہ اس چیز کی خریداری کے وقت کی قیمت. انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن عثیمین ( 18 / 197 ).

واللہ اعلم .